نیپئر گھاس(Napier Grass)

یہ متعدد کٹائیاں دینے والا دائمی نوعیت کا چارہ ہے۔اس کی کاشت سے چاروں کی قلت کے مسئلے کو حل کرنے میں کافی مدد ملی ہے بارانی علاقوں میں اس کی کاشت سے زمین کے کٹاؤ کا مسئلہ بہتر طریقے سے حل ہو سکتا ہے۔بار بار پھوٹنے کی صلاحیت کی بنا پر اس کی کاشت چراگاہوں میں بھی ہو سکتی ہے۔اس چارہ میں سائے کو برداشت کرنے کی صلاحیت بھی کافی حد تک ہے۔اس کو عرف عام میں ہاتھی گھاس بھی کہا جاتا ہے۔

آب وہوا:

اس کی کاشت کے لیے گرم مرطوب آب وہوا موزوں ہے۔25ڈگری سینٹی گریڈ سے 40ڈگری سینٹی گریڈ تک یہ بہترین پیداوار دیتا ہے۔

زمین اور اس کی تیاری:

بھاری میرا زمین جس میں پانی کے نکاس کا خاطر خواہ انتظام ہو اس کی کاشت کے لیے بہتر ہے تین چار ہل سہاگہ چلا کر زمین کو اچھی طرح تیار کر لیں۔زمین بالکل نرم بھربھری اور ہموار ہونی چاہیے۔

کھاد کا استعمال:

بوائی سے پہلے ایک ٹرالی گوبر کی کھاد یا کاشت کے وقت دو بوری نائٹروفاس ایک بوری ڈی۔اے۔پی اور ایک بوری پوٹاش اور ایک بوری یوریا ڈالیں پھر ہر کٹائی کے بعد ایک بوری نائیٹروفاس ڈالیں۔

وقت اور طریقہ کاشت:

فصل کی کاشت سال میں دو بار کی جاسکتی ہے جو کہ قلموں اور جڑوں ،دونوں سے ہو سکتی ہے۔قلموں کے ذریعہ کاشت وسط فروری سے وسط مارچ تک کی جاتی ہے۔یاد رہے کہ ہر قلم پر کم از کم دو دو آنکھیں ہونی چاہییں۔قلموں کو لگاتے وقت ایک طرف جھکائیں اور زمین کے ساتھ 45 درجے کا زاویہ بنائیں۔قلم کی ایک آنکھ زمین کے اندر اور دوسری باہر ہونی چاہیے۔قلموں اور لائنوں کا درمیانی فاصلہ دو سے اڑھائی فٹ ہونا چاہیے۔اور پودوں کا درمیانی فاصلہ ڈیڑھ فٹ ہونا چاہیے۔ جڑوں کے ذریعہ جولائی اگست میں کاشت کرنی چاہیے۔

شرح بیج:

ایک ایکڑ رقبہ کاشت کرنے کے لیے تقریباً 12000 قلموں کی ضرورت ہوتی ہے۔جن کا وزن تقریباً 320 کلوگرام بنتا ہے جو کہ اچھی فصل کے چار پانچ مرلہ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔اس کی قلمیں ادارہ چارہ جات سرگودھا سے لی جاسکتی ہیں۔

برداشت:

پہلی کٹائی بوائی کے تقریباً تین ماہ بعد تیار ہو جاتی ہے جب کہ بعد والی ہر کٹائی 45 تا 50 ایام کے بعد تیار ہو جاتی ہے۔فصل کی کٹائی اس وقت کی جائے جب اس کا قد تقریباً تین فٹ ہو کیونکہ زیادہ قد آور فصل میں غذائیت کم ہو جاتی ہے۔

اقسام:

1۔ سرگودھا نیپیر -2022 2- فیصل آباد نیپئر گراس 1

غذائیت:

غذائی اعتبار سے یہ ایک درمیانے درجے کا چارہ ہے۔

خشک مادہ	22.66فیصد	ریشہ	29.30فیصد
لحمیات	9.13فیصد	نمکیات	16.73فیصد
چکنائی	1.81فیصد	پانی	80.5فیصد